# New Hope Pakistan

# نیوہوپ پاکستان

## گیت کی کتاب




تالیف وترجمہ: ایلڈر کیمسن ایاز (سنڈے سکول ٹیچر)

# New Hope Pakistan

## نیوھوپ پاکستان

## گیت کی کتاب

شاعر: رالف میری فیلڈ

تالیف وترجمہ: ایلڈر سیمسن ایاز

پیشکش

Evangelist Samson Ayaz
Sunday School Ministries
Village# 58/4-R,
District Sahiwal,57000,
Phone # 0333-6907358

باراول ------ فروری2009
تعداد --------- 50
قیمت ---- free distribution

"All songs Copyright Ralph Merrifield

New Hope Music, PO Box 1612, Westboro MA 01581 USA

You have our encouragement and permissio n to duplicate

and share these songs for all "not-for-profit" purposes.

Please contact New Hope Music for other uses

Web Site - http://newhopemusic.com"

Contact in Pakistan:

Evangelist Samson Ayaz

Chak # 58/4-R,

District Sahiwal, 57000, Punjab Province , Pakistan.

Email:Samson_ayaz@yahoo.com

Phone# 0092-333-6907358, ( 0092-40-4008545)

# اظہارِ خیال

- میری دعا ہے کہ یہ گیت مسیح یسوع میں آپ کو حوصلہ دیں، قیمتی اناجیل کی تعلیم اور اس کی خدمت کے لئے آپ کو تیار کریں۔ کاش کہ پاکستان میں ہر جگہ، ہر طبقہ سے اور معاشرے کے ہر حصہ کے لوگ ان گیتوں کے ذریعے یسوع کے پاس وفاداری سے آئیں اور یہ گیت خدا کے پیار کے متعلق سکھائیں۔ اے خداوند تمام دنیا میں اور پاکستان میں ان گیتوں کے ذریعے مذہبی جوش اور تجدید لا۔
- میں سیمسن ایاز کا، اس کی کوائر کا اور اس کے وفادار ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی وجہ سے میں آپ سے یہ گیت بانٹ رہا ہوں۔
- کاش کہ اس سے خداوند کو جلال ملے۔



رالف میری فیلڈ

**Acknowledgment**

God has always been good to his chosen people. In same manner God has blessed me with so many God fearing and pious relationship. Here I would like to take this opportunity to say humble and sincere thank to brother Ralph Merrifield for being so good spiritual support to me. I am very grateful to God who has given me a brother like him whose hymns are true source of conversion and hope for all the rejected and other people here in my country.

Here I would like to acknowledge that your hymns are really bringing many conversions in all people including adults, youth , kids and women. They are all grateful to you with me because they have something nice and spiritual to praise God and this is all because of you. Lets continue to pray that God may use you and your hymns for the spiritual growth of my people and people in all over the world.

Evangelist Samson Ayaz
Pakistan.

# ستائش کرو

ستائش کرو ساری قوموں

ستائش کرو اے اُمتو

اُس کی شفقت ہے عظیم

ہم پر ہم پر

اور خدا کی سچائی ہے ابدی، ہے ابدی

ستائش کرو، ستائش کرو

ہیلیلُویاہ ہیلیلُویاہ

شکر کرو اُس کی رحمت کا

اُس کی سچائی اور فضل کا

وہ ہماری نجات ہے

ہماری اُمید اور قوت

# بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

حال: لوقا 2، متی 2-1، یوحنا 1 ماضی: یسعیاہ مستقبل: مکاشفہ

ممسوح ہے مسیح خداوند خدا
ابدی خدا لوگوں میں آیا

نجات دہندہ کی خوش خبری
بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

عمانوایل اکلوتا بیٹا
خداوند کی مرضی سے زمیں پہ اُترا

چرواہا، بادشاہ، قادرِ مطلق
بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

فرشتوں کے ساتھ تیری حمد کریں
مجوسیوں کے ساتھ تجھے سجدہ کریں

چرواہوں کے ساتھ تیری ستائش
کریں ساری زندگی تیری پرستش

کلمہ مجسم ہو کے انساں بنا
فضل اور سچائی اَب جان گئے ہیں

یسوع ہی جلالی بنا
بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

ابدی خدا صلح کا شہزادہ
تیری بادشاہی کا آخر نہ ہوگا

عجیب مشیر، بادشاہوں کا بادشاہ
بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

فرشتوں کے ساتھ تیری حمد کریں
مجوسیوں کے ساتھ تجھے سجدہ کریں

چرواہوں کے ساتھ تیری ستائش
کریں ساری زندگی تیری پرستش

الفا میگا مالک، اور ہے دوست
خالق مالک، اول اور آخر

گناہوں کی معافی دیتا ہے وہ
بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

جلال، عزت، برکت اور قوت
ماضی، حال، مستقبل کا ہے مالک

حکمت، طاقت، رحم، فضل
بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ

# میں چلوں گا

خُدا کی راہوں پر میں چلوں گا
خُدا کی راہوں پر میں چلوں گا
اپنے خُدا کی راہوں پر
ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

خُدا کی سچائی پر میں چلوں گا
خُدا کی سچائی پر میں چلوں گا
اپنے خُدا کی سچائی پر
ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

خُدا کی محبت پر آؤ ہم چلیں
خُدا کی محبت پر آؤ ہم چلیں
اپنے خُدا کی محبت پر
ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

خُدا کی راہوں پر ہم چلیں گے
خُدا کی راہوں پر ہم چلیں گے
اپنے خُدا کی راہوں پر
ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

# اے خُداوند تیرا شُکر ہو

## 1 تواریخ 29/13

[1] اے خُداوند تیرا شُکر ہو تیرے سارے کاموں کے لیے
فضل دکھایا ہے تُو نے رحمت، بھلائی، طاقت سے
تیرا شُکر ہو شُکر ہو شُکر ہو اے خُدا
تیرا شُکر ہو شُکر ہو شُکر ہو اے خُدا

[2] اے خُداوند تُجھ سے پیار ہے تیرے سارے کاموں کے لیے
فضل دکھایا ہے تُو نے رحمت، بھلائی، طاقت سے
تُجھ سے پیار ہے پیار ہے پیار ہے اَے خُدا
تُجھ سے پیار ہے پیار ہے پیار ہے اَے خُدا

[3] اَے خُداوند تیری حمد ہو تیرے سارے کاموں کے لیے
فضل دکھایا ہے تُو نے رحمت، بھلائی، طاقت سے
تیری حمد ہو حمد ہو حمد ہو اَے خُدا
تیری حمد ہو، حمد ہو۔حمد ہو اَے خُدا

# قُدُوس قُدُوس قُدُوس

مکاشفہ: 4/8-11

قُدُوس قُدُوس قُدُوس
ہے خُداوند خُدا قادِر مُطلق
جو تھا اور جو ہے اور جو آنے والا

قُدُوس قُدُوس قُدُوس
ہے خُداوند خُدا قادِر مُطلق
جو تھا اور جو ہے اور جو آنے والا

لائق لائق لائق
ہے خُداوند خُدا قادِر مُطلق
جو تھا اور جو ہے اور جو آنے والا

لائق لائق لائق
ہے خُداوند خُدا قادِر مُطلق
جو تھا اورجو ہے اور جو آنے والا

تمجید تمجید تمجید
ہو خُداوند خُدا قادِر مُطلق کی
جو تھا اور جو ہے اور جو آنے والا

تمجید تمجید تمجید
ہوخُداوند خُدا قادِر مُطلق کی
جو تھا اور جو ہے اور جو آنے والا

# تُو میرا چرواہا

تُو میرا چرواہا میں تیری بھیڑ ہوں

جہاں تو جائے میں جاؤں

ہر حالت میں تیرے پیار کا شکر ہو

بتاتا ہے راستہ جس پہ مجھے جانا ہے

ہمیشہ ہمیشہ پہلو بہ پہلو

تُو میرا آقا، رہبر، خداوند

بھلائی اور رحمت میرے ساتھ رہے گی

عمر بھر کے لئے

# نہایت رحیم

(زبور 145 سے)

نہایت رحیم ہے مہربان غصہ میں دھیما

پیار میں عظیم خُدا ہے مہربان

اُس کی رحمت ساری مخلوق پر ہے۔

کاریگریاں کریں شکر تیرا

سب راہوں میں تُو صادق

کاموں میں تُو رحیم

ہماری خواہشوں کو پُورا کرے

اور مرادیں بھی پوری کرے۔

(repeat first part

# مَیں خوش ہوا

مَیں خوش ہُوا جب وہ بولے آؤ چلیں یہواہ کے گھر
مَیں خوش ہُوا جب وہ بولے آؤ چلیں یہواہ کے گھر
یہاں ہے صلح، امید، خوشی، محبت، قوت طاقت، فضل
مَیں خوش ہُوا جب وہ بولے آؤ چلیں یہواہ کے گھر

زندگی بھر خدا کے گھر رہنا چاہوں گا
زندگی بھر خدا کے گھر رہنا چاہوں گا
اُس کی صلح، امید، خوشی، محبت طاقت، فضل کیلیے
زندگی بھر خدا کے گھر رہنا چاہوں گا

یسوع بادلوں میں آئے گا فرشتے گیت گائیں گے
یسوع بادلوں میں آئے گا فرشتے گیت گائیں گے
اُس کی صلح، امید، خوشی، محبت، طاقت، فضل کے
یسوع بادلوں میں آئے گا فرشتے گیت گائیں گے

مقدسین کے ہمراہ جلال دوں گا اُس کے نام کو
مقدسین کے ہمراہ جلال دوں گا اُس کے نام کو
وہ ہے صلح، امید، خوشی، محبت، قوت، طاقت، فضل
مقدسین کے ہمراہ جلال دوں گا اُس کے نام کو

# اُس کا نام ہو گا

**یسعیاہ9/6**

**[1]**

اُس کا نام ہو گا عجیب مشیر خُدائے قادر
اُس کا نام ہو گا ابدیت کا باپ، سلامتی کا شہزادہ
اُس کا نام ہے یسوع نجات دے گا گناہوں سے
اُس کا نام ہے عمانوایل، خُدا ہمارے ساتھ

**[2]**

یسوع کا نام ہے عجیب مشیر خُدائے قادر
یسوع کا نام ہے ابدیت کا باپ سلامتی کا شہزادہ
اُس کا نام ہے یسوع نجات دیتا ہے گناہوں سے
اُس کا نام ہے عمانوایل ، خدا ہمارے ساتھ
اُس کا نام ہے عمانوایل، خُدا ہمارے ساتھ

**[3]**

ستائش تیری ہو عجیب مشیر خُدائے قادر
ستائش تیری ہو ابدیت کے باپ، سلامتی کے شہزادے
یسوع تُجھ سے پیار ہے نجات دیتا ہے گناہوں سے
عمانویل تُجھ سے پیار ہے، خُدا ہمارے ساتھ
عمانویل تُجھ سے پیار ہے، خُدا ہمارے ساتھ

# طلوعِ سورج کی طرح

تیرا پیار طلوعِ سورج کی طرح
تیرا پیار طلوعِ سورج کی طرح

تیرا پیار طلوعِ سورج کی طرح
ہمیشہ وفادار

تیری شادمانی ہے پھولوں کی طرح
تیری شادمانی ہے پھولوں کی طرح

تیری شادمانی ہے پھولوں کی طرح
ہے یہ دلکش

تیرا اطمینان طوفاں سے بچائے
تیرا اطمینان طوفاں سے بچائے

تیرا اطمینان طوفاں سے بچائے
ہے یہ سکون بخش

تیرا پیار طلوعِ سورج کی طرح
تیرا اطمینان طوفاں سے بچائے

تیری شادمانی ہے پھولوں کی طرح
شکر ہو خداوند

# میری روح کا مرکز

(1) میری روح کا مرکز تُو ہی ہے خُدا
تُو ہی میرا رستہ تُو ہی میری منزل
میں جو بھی ہوں۔۔میں جو بھی ہوں گا
زندگی کا جھرنا تُو ہی ہوگا

(2) میری ساری قوت اور میری ساری حکمت
تُو ہی تو ہے فقط میرا سہارہ
میں تھا کبھی ٹوٹا مگر اب ہوں مکمل
میری روح کا مرکز تُو ہی ہے خُدا

(3) تُو ہی ہے بس میری زندگی کا مقصد
تُو ہی ہے میرے رستوں کا مقصد
میں تھا کبھی خالی مگر اب ہوں بھرا
میری روح کا مرکز تُو ہی ہے خُد

# کیا کبھی سُنا؟

کیا کبھی سُنا بطخ کرے ستائش؟

بطخ کرے ستائش

بطخ کرے ستائش

کیا کبھی سُنا بطخ کرے ستائش؟

وہ ایسے کرے ستائش

قیں قیں قیں قیں قیں

قیں قیں قیں

قیں قیں قیں خدا کی ہو ستائش

۲: مانو (میاؤں)

۳: مچھلی (بلب)

۴: گھنٹی (ڈِنگ)

۵: سارے (ڈِنگ، بلب، میاؤں، قیں)

# تمہاری روشنی

متی 5/13-16

تمہاری روشنی لوگوں میں چمکے
تا کہ وہ دیکھیں نیک کام
تمہاری روشنی لوگوں میں چمکے

تمہاری روشنی لوگوں میں چمکے
تمجید ہو باپ کی آسمان پر
تمہاری روشنی لوگوں میں چمکے

تُم زمین کے نمک ہو
لوگ دیکھیں نیک کام
تُم زمین کے نمک ہو

تُم زمین کے نمک ہو
تمجید ہو باپ کی آسمان پر
تُم زمین کے نمک ہو

تُم دنیا کے نُور ہو
لوگ دیکھیں نیک کام
تُم دنیا کے نُور ہو

تُم دنیا کے نُور ہو
تمجید ہو باپ کی آسمان پر
تُم دنیا کے نُور ہو

میری روشنی لوگوں میں چمکے
تا کہ وہ دیکھیں نیک کام
میری روشنی لوگوں میں چمکے

میری روشنی لوگوں میں چمکے
تمجید ہو باپ کی آسمان پر
میری روشنی لوگوں میں چمکے

# آسمان اور زمین

زبور 136

خُداوند بھلا ہے شُکر ہو اُسی کا مالکوں کے مالک خداوند خُدا کا
اُسی کا جو کرتا بڑے عجیب کام اُس کی شفقت اَبدی ہے
اُس کی شفقت اَبدی ہے
آسماں، زمیں، سمندر، ستارے سورج، چاند، دن، رات
وہ سب کا ہے مالک

شُکر ہو تیرا تُو بھلا خُداوند مالکوں کے مالک پیارے خُداوند
تُو جو کرتا بڑے عجیب کام تیری شفقت ابدی ہے
تیری شفقت ابدی ہے
آسماں، زمیں، سمندر، ستارے، سورج، چاند، دن، رات
تُو سب کا ہے مالک

(repeat second verse)

# ہوشعنا، ہوشعنا

مبارک ہے وہ جو خُداوند کے نام پر آتا ہے۔
ہوشعنا، ہوشعنا
مبارک ہے وہ جو خُداوند کے نام پر آتا ہے۔

(۱)

ابنِ داؤد، اسرائیل کا بادشاہ
نجات ہے ہماری یسوع، یسوع (کورس)

(۲)

آسمان پر صُلح، عالم بالا پر جلال
عالم بالا پر ہوشعنا، یسوع (کورس)

(۳)

شادمان ہو، تیرا بادشاہ تیرے پاس آتا ہے
خوب للکار، یہ ہے یسوع! یسوع (کورس)

ہوشعنا، ہوشعنا
مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام پر آتا ہے۔
مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام پر آتا ہے۔
مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام پر آتا ہے۔

| | |
|---|---|
| 1 | ستائش کرو |
| 2 | بیت لحم کا بچہ بیت لحم کا بچہ |
| 3 | میں چلوں گا |
| 4 | اے خدُاوند تیرا شکر ہو |
| 5 | قدُوس قدُوس قدُوس |
| 6 | تُو میرا چرواہا |
| 7 | نہایت رحیم |
| 8 | مَیں خوش ہوا |
| 9 | اُس کا نام ہوگا |
| 10 | طلوعِ سورج کی طرح |
| 11 | میری روح کا مرکز |
| 12 | کیا کبھی سُنا؟ |
| 13 | تمہاری روشنی |
| 14 | آسمان اور زمین |
| 15 | ہوشعنا، ہوشعنا |



# رالف میری فیلڈ

رالف میری فیلڈ (Ralph Merrifield) نے مینس فیلڈ، ماس چیوسٹس (Mansfield, Massachusetts) کے مقام پر ابتدائی نشوونما پائی۔ یہ وہی جگہ ہے جہاں پر ان کے باپ نے کافی سالوں تک ڈاکخانہ میں اسسٹنٹ کلرک نوکری کی۔ اور اس کی والدہ ایک سکول میں نرس تھی۔ ہائی سکول میں اس نے کورس گایا بھی اور جلد ہی موسیقی کے گروہوں اور گرجا گھروں میں بہت زیادہ سرگرم طریقے سے شراکت کی۔ انہوں نے مزید علاقائی گیت بھی لکھے۔ 1974 کرسمس کے موقع پر اس کی ہائی سکول کی کوائر نے رالف میری فیلڈ کے کرسمس راؤنڈ "Christmas Round" البم کو ریکارڈ کیا اور اس کا عملی مظاہرہ بھی کیا اس کا ایک البم "18 Yeasrs" آئندہ سال منظر عام پر آیا جو کہ اس کے گیتوں کا پہلا مجموعہ تھا۔

ویسٹ فیلڈ اسٹیٹ (Westfield State) کالج میں انہوں نے موسیقی میں خاص مہارت حاصل کی اور یہاں پر ہی یہ متفقہ کیمپس کروسیڈ کے صدر مقرر ہوئے۔ انہوں نے مقامی ہوٹلوں اور گرجا گھروں میں بھی اپنے میوزک کا مظاہرہ کیا۔ اس کے علاوہ baritone horn (ساز کا نام) کا مظاہرہ کیا اور اس کے علاوہ اور بھی سازوں میں مہارت حاصل کر کے ان کا مظاہرہ کیا۔

کالج کے بعد رالف میری فیلڈ نے کیمپس کروسیڈ فار کرائسٹ (Campus Crusade for Christ) میں کام کیا۔ اس کام کی مدت 1979-1983 تک تھی جو انہوں نے انٹرنیشنل ہیڈکوارٹرز میں کیا جو کیلیفورنیا میں ہے۔ پھر یہ اور ان کی بیوی برطانیہ چلے گئے اور Crossroads کے لئے کام کیا جو کہ ایک مسیحی منسٹری ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی کتابوں اور میگزین کی ذمہ داریاں پوری کیں۔ رالف میری فیلڈ اور اس کے دوستوں نے انجیل پر بنیاد رکھنے والے بہت سے پرستش کے گیت لکھے۔ اور ان کو ریکارڈ کیا جو کہ دو دہائیوں تک لوگوں کی زبان پر رہے۔

1991 تک ان کے گیت 210 سے بھی زیادہ ممالک میں مشہور ہو گئے اور امریکہ کی تمام پچاس ریاستوں میں بھی۔ ان کی ویب سائٹ جو کہ میوزک کے حوالے سے ہے اس میں 500 پرستش کے گیت شامل ہیں۔ یہ تمام گیت رالف میری فیلڈ (Ralph Merrifield) ایڈرین وی ملر (Adrian V.Miller), سٹیفن مس آرسکی (Stephen Misarski) لینی سمتھ (Lenny Smith) جولی جوئنر (Julie Joyner) اور دوسروں کے گائے ہوئے ہیں۔

ان کے گیتوں کا 20 سے زیادہ زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے لوگوں، بچوں اور کوائر کی پرستش کے لئے تین کتابیں بھی شائع کی ہیں۔

ایک حصہ Splendor And Majesty کو ہال لیونارڈ Hal Leonard نے شائع کیا۔ Fake Book کی ترتیب ٹام فیٹکے Tom Fettke نے دی اور فریڈ باک Fred Bock نے ان کو شائع کیا۔

نومبر 2008 تک تین ملین سے زائد لوگوں نے ان کی ویب سائٹ کو دیکھا ہے۔ ہر مہینے بیس ہزار لوگ ان کے گیت بغیر کسی قیمت کے ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں۔